UNIVERSITY OF CALICUT
SCHOOL OF DISTANCE EDUCATION

FIRST SEMESTER B.COM & OTHER LRP PATTERN- COMMON COURSE -URDU
MULTIPLE CHOICE QUESTIONS FOR
SDE/PRIVATE REGISTRATION STUDENTS (2019 Admission onwards)

COMMON COURSE-URD 1A 07 (2) URDU NASAR

---

1. کہانی حاتم کی سخاوت کس داستان کا حصہ ہے؟

(A) الف لیلیٰ (B) فسانۂ عجائب (C)باغ و بہار (D) سب رس

2. میر امن دہلوی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) میر محمد امان (B) میر محمد تقی (C)خواجہ حسن (D) امین الدین

3. میر امن دہلوی دہلی چھوڑ کر کب عظیم آباد چلے گئے؟

(A) دہلی میں مغلیہ حکومت کا آغاز ہونے پر (B)احمد شاہ ابدالی کے حملوں سے دہلی تباہ ہونے پر
(C) پہلی جنگِ آزادی ناکام ہونے پر (D)اورنگ زیب اور داراشکوہ کے درمیاں خانہ جنگی شروع ہونے پر

4. فورٹ ولیم کالج کہاں قائم کیا تھا؟

(A) ممبئی (B) بنارس (C) مدراس (D)کلکتہ

5. فورٹ ولیم کالج کے صدر شعبۂ ہندوستانی کون تھے؟

(A)جان گل کرائسٹ (B) جے ایچ ٹائلر (C)کرنل ہالرائڈ (D)ڈیوڈ براؤن

6. فورٹ ولیم کالج میں میر امن کا تعارف ڈاکٹر گل کرسٹ سے کون کرایا تھا؟

(A) محمد حسین آزاد (B) سرسید احمد خاں (C) للّولال جی (D) میر بہادر علی حسینی

7. فورٹ ولیم کالج میں میر امن کو سب سے پہلے کونسی کتاب کے ترجمے کا کام دیا گیا؟

(A)الف لیلیٰ (B)قصہ یوسف زلیخا (C)قصہ چہار درویش (D)گلستانِ سعدی

8. آزاد بخت کس داستان کا مرکزی کردار ہے؟

(A)فسانۂ عجائب (B)باغ و بہار (C)رانی کیتکی کہانی (D)سب رس

9. باغ و بہار میں کس علاقے کی زبان استعمال کیا ہے؟

(A)حیدرآباد اور اس کے آس پاس کی دکنی اردو (B)لکھنؤ اور اس کے آس پاس کی مقفیٰ زبان
(C) مدھیہ پردیش کی بھوپالی اردو (D)دلّی اور اس کے آس پاس کی زبان

10. نوفل کس دیس کا بادشاہ تھا؟

(A) عرب کا (B)ایران کا (C) ترکی کا (D)روم کا

11. حاتم کون تھا؟

(A)عرب کا بادشاہ (B) عرب کا سپہ سالار (C)عرب کا ایک خداترس نیک آدمی (D) عرب کا ایک شاعر

12. حاتم کیوں پہاڑ کی کھوہ میں جا چھپا؟

(A) نوفل بادشاہ سے ڈر کر (B)خُدا کے بندے مارے جانے کے ڈر سے
(C) لوگوں سے ڈر کر (D) اپنے آپ کو موت سے بچانے کے لیے

13. حاتم کو پکڑ کر لانے والوں کو نوفل بادشاہ نے کیا انعام دینے کا اعلان کیا؟

(A) سرکاری نوکری دینے کا (B) فوجی افسر بنانے کا (C)پانچ سو اشرفیاں دینے کا (D)اپنے وزیر بنانے کا

14. ”مجھے لے چل، میں اپنی خوشی سے کہتا ہوں۔۔۔۔ میرا جان و مال کَسو کے کام آوے تو بہتر ہے“۔ یہ کون کس سے کہتا ہے؟

(A)حاتم نوفل بادشاہ سے (B)حاتم ملک کے سپہ سالار سے (C) نوفل بادشاہ حاتم سے (D)حاتم بوڑھا اور بڑھیا سے

15. ”بھلائی کے بدلے بُرائی ملے، تو یا نصیب“۔ یہ کون کس سے کہتا ہے؟

(A) نوفل بادشاہ حاتم سے (B) حاتم نوفل بادشاہ سے (C)بوڑھا حاتم سے (D)حاتم بوڑھا اور بڑھیا سے

16. حاتم کس طرح بادشاہ نوفل کے پاس پہنچا؟

(A) اپنے آپ چلا آیا (B) بوڑھا پکڑ کر لایا (C) سرکاری فوج پکڑ کر لایا (D) ملک کے چند نوجوان پکڑ کر لایا

17. مضمون گلبانو کا مصنف کون ہے؟

(A) پطرس احمد بخاری (B) خواجہ حسن نظامی (C) محمد حسین آزاد (D) کنہیالال کپور

18. خواجہ حسن نظامی کی صحافتی زندگی کا آغاز کس اخبار سے ہوا ہے؟

(A) الہلال (B) دہلی اردو اخبار (C) رعیت (D) سید الاخبار

19. قلعہ معلّی خصوصاً بیگمات کی زبان پر کس ادیب کو مہارت حاصل تھی؟

(A) خواجہ حسن نظامی (B) پطرس احمد بخاری (C) محمد حسین آزاد (D) کنہیالال کپور

20. ان میں سے ایک خواجہ حسن نظامی کی تصنیف نہیں ہے۔ چُن کر لکھیے۔

(A) سی پارۂ دل (B) بیگمات کی آنسو (C) سفر نامۂ ہندوستان (D) انشائیہ اور انشائیے

21. گل بانو کس کی بیٹی ہے؟

(A) مرزا دارا بخت (B) مرزا فیروز بخت (C) داراشکوہ (D) بہادر شاہ ظفر

22. گلبانو کے والد کا مزار کہاں واقع ہے؟

(A) پُرانی دہلی (B) چراغِ دہلی (C) نئی دہلی (D) قرول باغ

23. گُلبانو اپنی ماں کے ساتھ والد کے مزار پر کس دن جاتی تھی؟

(A) مہینے کی آخری جمعہ (B) مہینے کی آخری جمعرات (C) مہینے کی نوچندی جمعہ (D) مہینے کی نوچندی جمعرات

24. پہلی جنگِ آزادی اور اس کے بعد کے حالات مغلیہ خاندان کو طرح متاثر کیا ہے، اس کا بیان کس مضمون میں شامل ہیں؟

(A) دو کو لڑانا (B) جھینگر کا جنازہ (C) گلبانو (D) انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا

25. خودکُشی کس کا مشہور افسانہ ہے؟

(A) پریم چند (B) ممتاز مفتی (C) جیلانی بانو (D) سعادت حسن منٹو

26. سعادت حسن منٹو کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) لدھیانہ (B) آگرہ (C) پٹنہ (D) کلکتہ

27. سعادت حسن منٹو کس تحریک سے متاثر تھے؟

(A) علی گڑھ تحریک (B) ترقی پسند تحریک (C) ریشمی رومال تحریک (D) تحریکِ خلافت

28. 1919ء میں جالین والہ باغ میں انگریزوں کے ذریعے نہتّے ہندوستانیوں کے قتل عام پر لکھا گیا منٹوؔ کا افسانہ ہے؟

(A) ٹوبہ ٹیک سنگھ (B) نیا قانون (C) تماشا (D) ٹھنڈا گوشت

29. ڈاکٹر ذاکر حُسین کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) لکھنؤ (B) حیدرآباد (C) ممبئی (D) بھوپال

30. جامعہ ملیہ اسلامیہ کہاں واقع ہے؟

(A) دہلی (B) کان پور (C) کلکتہ (D) علی گڑھ

31. صدر جمہوریہ ہند، نائب صدر جمہوریہ ہند ان دونوں عہدہ پر فائز ہونے والا مشہور اردو ادیب ہے؟

(A) ڈاکٹر اے پی جے عبد الکلام (B) ڈاکٹر ہدایت اللہ (C) ڈاکٹر فخر الدین علی احمد (D) ڈاکٹر ذاکر حسین

32. مشہور مضمون آخری قدم کس کا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد (B) ابو الکلام آزاد (C) ڈاکٹر ذاکر حسین (D) الطاف حسین حالی

33. آخری قدم کے نیک آدمی اپنے دھن دولت کو کیا سمجھتا تھا؟

(A) اللہ میاں کی امانت (B) اپنی محنت کی کمائی (C) اپنے بیوی بچوں کو خوش رکھنے کی چیز
(D) عیش و عشرت کی زندگی گزارنے کا ذریعہ

34. آخری قدم کے نیک آدمی کو اپنے دوست و احباب کیا پکارتے تھے؟

(A) مکھی مار (B) متقی (C) مکھی چوس (D) سخی

35. آخری قدم کے نیک آدمی اپنی کتاب کا نام کیا رکھا تھا؟

(A) حسابِ قرض (B) حسابِ امانت (C) حسابِ صدقہ (D) حسابِ زکواۃ

36. 'حسابِ امانت' میں کس چیز کا حساب لکھتا تھا؟

(A) جس سے جو کچھ قرض لیا تھا (B) جس سے جو کچھ زکواۃ وصول کیا تھا
(C) جس کو جو کچھ اُدھار دینا تھا (D) اپنے پیسے سے جو کچھ جس کو دیا تھا

37. حسابِ امانت والی کتاب کو نیک آدمی نے آخر کیا کیا؟

(A) لائبریری کو دیا (B) اپنے جسم کے ساتھ دفنانے کو کہا (C) ندی میں پھینکی (D) انگیٹھی میں پھینک کر جلائی

38. 'نمرود کی خدائی' کس کا مشہور افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) جیلانی بانو (B) راجیندر سنگھ بیدی (C) سعادت حسن منٹو (D) ممتاز مفتی

39. زاہد اپنی بیوی سے بے حد خوش تھے۔ کیوں؟

(A) ایک سرکاری ملازم تھی (B) خوش خصلت اور خوبصورت تھی (C) مالدار تھی (D) ایک ڈاکٹر تھی

40. زاہد کس افسانے کا مرکزی کردار ہے؟

(A) خودکُشی (B) اڈّو (C) آپا (D) بڑے گھر کی بیٹی

41. زاہد اپنے بیٹے کا نام ڈھونڈھنے کے لیے کیا لانے کا فیصلہ کیا؟

(A) بچوں کے ناموں والی کتاب (B) اسکول یا مدرسے کا حاضری رجسٹر (C) ایک اردو لُغت (D) عمدہ ڈائری

42. زاہد اپنے بیٹے کے قبر میں بیٹے کے ساتھ اور کیا دفنایا؟

(A) لڑکے کے کپڑے (B) لُغت (C) مال و دولت کے کاغذات (D) قرآن مجید

43. زاہد بیوی کے کفن دفن سے فارغ ہو کر رات کے وقت گھر سے نکل کر ریلوے ٹائم ٹیبل دیکھنے کی وجہ کیا تھی؟

(A) وہ خودکُشی کرنا چاہتا تھا (B) انھیں کہیں دور جانا تھا
(C) انھیں کسی مہمان کو ریلوے اسٹیشن سے لانا تھا (D) ان کو نوکری پر جانا تھا

44. ریلوے اسٹیشن میں جا کر زاہد آخر کیا بن گیا؟

(A) تاجر (B) متقی (C) قاتل (D) ناصح اور جان بچانے والا

45. "بھائی میرے! زندگی زندہ رہنے کے لیے ہے، اس کو اچھی طرح استعمال کرو، خودکشی بزدلی ہے"۔ یہ کون کہہ رہا ہے؟

(A) ریلوے اسٹیشن مینیجر زاہد سے (B) زاہد خودکشی کرنے والے سے (C) زاہد کی بیوی زاہد سے
(D) زاہد کے دوست زاہد سے

46. 'ادّو' کس کا مشہور افسانہ ہے؟

(A) جیلانی بانو (B) بانو قدسیہ (C) پریم چند (D) سعادت حسن منٹو

47. جیلانی بانو کی اکثر کہانیوں میں کس تہذیب کی عکاسی ملتی ہے؟

(A) بمبئی کی (B) کشمیر کی (C) حیدرآباد کی (D) لکھنؤ کی

48. 'روشنی کے مینار' کس کی مشہور تصنیف ہے؟

(A) عصمت چغتائی (B) بانو قدسیہ (C) پریم چند (D) جیلانی بانو

49. 'ایوانِ غزل' کس کا پہلا ناول ہے؟

(A) جیلانی بانو (B) راجیندر سنگھ بیدی (C) پریم چند (D) بانو قدسیہ

50. ادّو ایک روپیہ واپس میم صاحب کو دینے کے لیے کیوں تیار ہوئے؟

(A) پولیس پکڑے جانے پر (B) کرارا نوٹ ہونے پر (C) پیسہ کوئی نہیں لینے پر (D) دوزخ کا عذاب سے ڈر کر

51. اڈّو کو ایک روپے کا کرارا نوٹ کہاں سے ملا؟

(A) مالک کے جیب سے (B) گیٹ کے پاس سے (C) تحفے میں ملا (D) بیگم صاحبہ نے دیا

52. اڈّو کا اصل نام کیا ہے؟

(A) عبدالرحمان (B) عبداللہ (C) آدم علی خاں (D) عبدلکریم

53. مُنّی کون ہے؟

(A) بھائی کی بیٹی (B) بہن (C) آپا کی بیٹی (D) چھوٹا بھائی

54. ”کیا تو بنگلے سے کچھ چرا کر بھاگا ہے آج؟“۔ یہ کون کہتا/کہتی ہے؟

(A)اڈّو کی بہن (B) اڈّو کے بھائی (C) پولیس (D) پڑوس کی ماما

55. ان میں ایک جیلانی بانو کی تصنیف نہیں ہے۔ چن کر لکھیے؟

(A) روشنی کے مینار (B)سوزِ وطن (C) ایوانِ غزل (D) بارشِ سنگ

56. غالبؔ کا پورا نام کیا ہے؟

(A) مرزا اسداللہ بیگ خاں (B)مرزا عبداللہ خاں (C) امین الدین خاں (D)علاؤالدین احمد خاں

57. غالبؔ نے اردو کے کن کن اصنافِ ادب میں زیادہ مقبولیت حاصل کی؟

(A)افسانہ اور خاکہ (B)ناول اور ڈراما (C) مثنوی اور قصیدہ (D)غزل اور خطوط

58. غالبؔ کے زمانے تک کس کو نثری ادب کا بھی ایک ضروری حصہ مانتا تھا؟

(A)جملوں کے آخر میں ردیف لانا (B)جملوں میں تلمیحات لانا
(C) جملوں کے آخر میں قافیہ لانا (D)جملوں تشبیہ اور استعارے لانا

59. غالبؔ کے خطوط کو سلیقے سے ترتیب دینے پر کیا بننے کا دعویٰ کیا جاتا ہے؟

(A)اُن کی آپ بیتی (B) اُن کی مکمل سوانح (C)انشائیوں کا مجموعہ (D) لطیفوں کا مجموعہ

60. غالبؔ نے خطوط نگاری میں رائج کس پُرانی روایت کو ختم کر ڈالا؟

(A)خط کی تاریخ لکھنے کی (B)لمبے لمبے القاب وآداب لکھنے کی (C)مکتوب الیہ کے نام لکھنے کی (D)خیریت پوچھنے کی

61. 'میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلے کو مکالمہ بنا دیا ہے'۔ یہ کس کا دعویٰ ہے؟

(A) ذوقؔ (B) غالبؔ (C) حالیؔ (D) آزادؔ

62. مراسلے کا اردو معنیٰ کیا ہے؟

(A) خطوط (B)پیغمبر (C)رسالہ (D)ترسیل

63. اردو نثری ادب کے عظیم فن پاروں میں غالبؔ کے کس کا شمار ہوتا ہے؟

(A)تذکرے (B)سوانح (C)افسانے (D)خطوط

64. ان میں سے غالب کے خطوط کے مجموعے چن کر لکھیے۔

(A)غبارِ خاطر اور کاروانِ خیال (B) اوراقِ پریشان (C)عودِ ہندی اور اردوئے معلیٰ (D) لیلیٰ کے خطوط

65. غالبؔ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A)آگرہ (B)دہلی (C)لکھنؤ (D)کلکتہ

66. غالبؔ کہاں انتقال کر گئے؟

(A)آگرہ (B)دہلی (C)لکھنؤ (D)کلکتہ

67. لفظ ڈراما کا لغوی معنی کیا ہے؟

(A)سامعین کو آواز دینا (B)سامعین کے ساتھ تبادلۂ خیال کرنا (C) کرنا یا کر کے دکھانا (D) کسی تصویر کو پیش کرنا

68. محلّے کی ہولی کس کا مشہور ڈراما ہے؟

(A) کرشن چندر (B) آغا حشر کشمیری (C) پروفیسر محمد مجیب (D) ڈاکٹر اطہر پرویز

69. اردو ڈرمانگاری کا شیکسپیئر کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

(A) کرشن چندر (B) پروفیسر محمد مجیب (C) آغا حشر کشمیری (D) واجد علی شاہ

70. ڈاکٹر اطہر پرویز کا اصل نام کیا ہے؟

(A) محمد شاہ (B) خسرو (C) سلیمان (D) محمد عثمان

71. ڈاکٹر اطہر پرویز بچوں کے کس رسالے کی ادارت سنبھالی؟

(A) بچوں کی دنیا (B) پیامِ تعلیم (C) اُمنگ (D) جنّت کے پھول

72. یہ ڈاکٹر اطہر پرویز کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) اندر سبھا (B) ایک دن کا بادشاہ (C) مشینی گھوڑا (D) علی گڑھ سے علی گڑھ تک

73. ڈرامامحلّے کی ہولی میں کس تہذیب کی عکاسی ملتی ہے؟

(A) چینی (B) مغربی (C) ایرانی (D) ہندوستانی

74. مشہور ادیب اطہر پرویز کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) آگرہ (B) دہلی (C) الہ آباد (D) کلکتہ

75. ڈرامامحلّے کی ہولی کے مرکزی کردار ہیں

(A) شہباز خاں اور لالہ تیج رام (B) انارکلی اور سلیم (C) رام دیال اور کمل کانت (D) راجہ اندر اور گلفام

76. میر صاحب کون ہے؟

(A) شہباز خان کے جگری دوست (B) شہباز خان کے مخالف (C) شہباز خان کے نوکر (D) شہباز خان کے بھائی

77. خالدہ کون ہے؟

(A) محمود میاں کی بیٹی (B) شہباز خان کی بیٹی (C) حافظ جی کی بیٹی (D) میر صاحب کی بیٹی

78. ڈرامامحلّے کی ہولی میں نہرو جی کی وصیت کون پڑھ رہا ہے؟

(A) سوتر دھار (B) لالہ تیج رام (C) ٹھاکر گوبند رام (D) پنڈت رام سرن

79. پنڈت نہرو نے کس کو ہندوستانی تہذیب کی پُرانی نشانی قرار دیا ہے؟

(A) جمنا ندی کو (B) کاویری ندی کو (C) برہم پُترا ندی کو (D) گنگا ندی کو

80. گریٹر انڈیا کس کی مشہور تصنیف ہے؟

(A) جواہر لال نہرو (B) ابوالکلام آزاد (C) رابندر ناتھ ٹیگور (D) اے۔پی۔جے عبدالکلام

81. "نیا ہندوستان کسی ایک مذہب یا نسل کے لوگوں کی جاگیر نہیں ہے"۔ یہ قول کس کا ہے؟

(A) رابندر ناتھ ٹیگور (B) ابوالکلام آزاد (C) جواہر لال نہرو (D) ڈاکٹر راجیندر پرشاد

82. لالہ چچا کے لیے کون سویٹر بناتی ہے؟

(A) سوشیلا (B) خالدہ (C) خالدہ کی ماں (D) سوشیلا کی ماں

83. اس میں کون اتوار والی پِکنک (Picnic) کے عادی تھے؟

(A) سوتر دھار (B) ٹھاکُر گوبند رام (C) شہباز خاں (D) میر صاحب

84. شہباز خان کو کس کی بنائی گئی ترکاری پسند ہے؟

(A) خالدہ کی امّی کی (B) خالدہ کی (C) سوشیلا کی (D) سوشیلا کی ماں کی

85. محاورہ 'رائے کا پربت بنانا' کا معنی کیا ہے؟

(A) گہری دوستی ہونا (B) نقصان پہنچانا (C) چھوٹی چیز کو بڑی بنا کر پیش کرنا (D) بہت کوشش کرنا

86. محاورہ 'شیشے میں اتارنا' کا معنی کیا ہے؟

(A) پریشان کرنا (B) رشوت دینا (C) دوستی بڑھانا (D) قابو میں لانا

87. لالہ تیج رام اور شہباز خان کو آپس میں لڑوانے کا کام کرتا ہے؟

(A) پنڈت رام سرن (B) میر صاحب (C) ٹھاکر گوبند رام (D) نٹی

88. میر صاحب کا اصلی نام کیا ہے؟

(A) میر فراست علی (B) میر تقی (C) میر محمد (D) میر محمود میاں

89. ہولی کمیٹی کا سکریٹری کون ہے؟

(A) نٹی (B) پنڈت رام سرن (C) ٹھاکر گوبند رام (D) لالہ تیج رام

90. شہباز خان کو کس نے ہولی کمیٹی سے الگ کر دیا؟

(A) حافظ صاحب (B) پنڈت رام سرن (C) لالہ تیج رام (D) ٹھاکر گوبند رام

91. 'میں پوچھتا ہوں کہ یہ محلّے کی ہولی ہے یا لالہ تیج رام کے گھر کی؟'۔ یہ کس کا قول ہے؟

(A) شہباز خان (B) پنڈت رام سرن (C) میر صاحب (D) ٹھاکر گوبند رام

92. 'خان صاحب اپنی اَٹھنی سے اپنے گھر میں ہولی جلائیں، محلّے کی ہولی تو ابھی جلے گی؟'۔ یہ کون کہہ رہا ہے

(A) شہباز خان (B) میر صاحب (C) پنڈت رام سرن (D) محمود میاں

93. ہولی کی آگ جلانے کے لیے کس نے گھر کے دروازے، کرسیاں، گھریلو سامان توڑ کر لائے تھے؟

(A) لالہ تیج رام (B) شہباز خان (C) پنڈت رام سرن (D) ٹھاکر گوبند رام

94. 'بس ہو چکا جھگڑا۔ اب دونوں ہاتھ ملاؤ۔ آپس کی لڑائی اچھی نہیں۔' یہ کون کہہ رہا ہے؟

(A) بوڑھا حلوائی (B) حافظ جی (C) پنڈت رام سرن (D) میر صاحب

95. 'آنسو پونچھنا' کا معنی کیا ہے؟

(A) حیرانی میں مبتلا کرنا (B) دکھ پہنچانا (C) خوشامد کرنا (D) تسلّی دینا

96. سوشیلا کی ماں بنائی ہوئی کونسی چیز شہباز خان کو سب سے زیادہ پسند ہے؟

(A) روٹی (B) بِریانی (C) اچّار (D) ترکاری

97. بوڑھا اور بڑھیا کس کام کے لیے جنگل گئے تھے؟

(A) لکڑیاں توڑنے (B) حاتم کو پکڑ لانے (C) شہد اکٹھا کرنے (D) جنگلی جانوروں کے شکار کے لیے

98. 'ہمارے دن کچھ بھلے آتے، تو حاتم کو کہیں ہم دیکھ پاتے اور اس کو پکڑ کر نوفل کے پاس لے جاتے۔۔۔۔' یہ جملہ کس نے کس سے کہا؟

(A) بوڑھا بڑھیا سے (B) بڑھیا بوڑھا سے (C) نوجوان آپس میں (D) سپاہی لوگ آپس میں

99. 'سچ ہے، اگر آدمی میں رحم نہیں تو وہ انسان نہیں اور جس کی جی میں درد نہیں وہ قصائی ہے'۔ اس طرح کون سوچتا ہے؟

(A) بوڑھا (B) نوفل (C) حاتم (D) جج

100. 'سچ کہہ، اصل کیا ہے؟۔ حاتم کو کون پکڑ لایا؟'۔ یہ سوال کون کس سے کر رہا ہے؟

(A) نوفل حاتم سے (B) جج حاتم سے (C) جج بوڑھا سے (D) نوفل بادشاہ بوڑھا سے

ANSWER KEY

SI No	Answer		SI No	Answer		SI No	Answer		SI No	Answer
1	C		2	A		3	B		4	D
5	A		6	D		7	C		8	B
9	D		10	A		11	C		12	B
13	C		14	D		15	C		16	A
17	B		18	C		19	A		20	D
21	A		22	B		23	D		24	C

25	D		26	A		27	B		28	C
29	B		30	A		31	D		32	C
33	A		34	C		35	B		36	D
37	D		38	A		39	B		40	A
41	C		42	B		43	A		44	D
45	B		46	A		47	C		48	D
49	A		50	D		51	B		52	C
53	C		54	D		55	B		56	A
57	D		58	C		59	A		60	B
61	B		62	A		63	D		64	C
65	A		66	B		67	C		68	D
69	C		70	D		71	B		72	A
73	D		74	C		75	A		76	B
77	B		78	A		79	D		80	C
81	A		82	B		83	C		84	D
85	C		86	D		87	B		88	A
89	D		90	C		91	A		92	B
93	B		94	A		95	D		96	C
97	A		98	B		99	C		100	D

Prepared by

Shihabudheen P
Asst. Professor & Head
Dept. of Urdu
Govt. Arts & Science College Kondotty, Vilayil PO
Kuzhimanna Via, Malappuram-673641
Mob. +91 9946630680
Email: shihaboo@gmail.com